SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

November 6, 2017

***For immediate release***

ایس ای سی پی کے زیر اہتمام رجسٹرار کانفرنس کا انعقاد

اسلام آباد (نومبر 6) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن (ایس ای سی پی) نے بزنس رجسٹری، اس کی اہمیت اور مستقبل کے چیلنجز کے موضوع پر سالانہ دو روزہ رجسٹرار کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا مقصد نئے کمپنیز ایکٹ 2017 کو بہترین طریقے سے نافذ العمل کرنے اور اس سلسلے میں درپیش چیلنجز پر مشاورت کرنا تھا۔

اسلام آباد میں منعقد ہونے والی اس کانفرنس میں ایس ای سی پی کے صدر دفتر اور پاکستان بھر مین اس کے کمپنی رجسٹریشن دفاتر میں قانون کے تحت اپنے دستوری فرائض انجام دینے والے رجسٹراروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئر مین ایس ای سی پی، ظفر عبداللہ نے خطاب کرتے ہوئے تمام کمپنی رجسٹرین دفاتر میں سرمایہ کاروں اور عوام الناس کو بہترین سہولتیں اور کاروباری امور میں آسانیاں فراہم کرنے کے لئے مزید کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو سہولتیں فراہم کرنے کے لئے سے تمام رجسٹرار اپنے بہترین تجربات اور مشاہدات سے دوسروں کو آگاہ کریں، کامیاب اصولوں کو اپنائیں، ٹیکنالوجی کے استعمال کو زیادہ سے زیادہ ممکن بنائیں اور سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہوتیں اور آسانیاں فراہم کریں۔

اس موقع ہر کمشنر کمپنی لاء ڈویژن طاپر محمود نے رجسٹراروں کو اپنے فرائض منصبی پیشہ ورانہ مہارت اور ایمانداری سے ادا کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جدید دور کے ابھرتے ہوئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے عالمی مشاہدات سے رہنمائی حاصل کرں اور حال میں میں نافذ العمل ہونے والے نئے کمپنیز ایکٹ اور دیگر اصلاحات کو بھرپور طریقے سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ تاہم، انوں نے زور دیا کہ ان تمام اصلاحات اور کوششوں کا مقصد سرمایہ کار اور پرموٹرز کو زیادہ سے زیادہ بہترین ماحول اور آسانیاں فراہم کرنا ہو۔

رجسٹرار کانفرنس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت متعارف ہونے والی اصلاحات اور اس ایکٹ کے تحت بنائے جانے والے رولز اور ریگولیشن، قانون پر عمل درآمد کو یقینی بنانے، کمپنیوں اور ایسوسی ائیشن کے سالانہ اجلاسوں اور ان کے شئیرز کی الاٹمنٹ کے طریقہ کار اور اگلے تین سال کے لئے منصوبہ بندی پر بحث کی گئی۔